ilmkidunya

علم کی دنیا

Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. اختلال توجہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: توجہ میں خلل یا کسی بات سے توجہ کا ہٹ کانا اختلال توجہ کہلاتا ہے.مثلاً اسٹیل رولنگ مل سے پیدا ہونے والے بے ہنگم آوازوں میں توجہ کا برقرار رکھنا ناممکن ہوجاتا ہے.

Q2. عروقی پروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: عروقی پروہ آنکھ کے ڈیلے کا درمیانی غلاف ہے اس غلاف میں خون کی رگیں اور شریانیں پائی جاتی ہیں اور آنرس میں براؤن رنگ کے مادے کے خلیات پائےجاتے ہیں جو روشنی کی فالتوں شعاعوں کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور عکس کو دھند لا ہونے سے بچاتے ہیں.

Q3. سفید موتیا سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سفید موتیا آنکھ کا ایک نقص ہے،اس میں آنکھ کا عدسیہ غیر شفاف ہوتا ہے.یہ نقص گردو غبار والے علاقوں جیسے سندھ میں زیادہ پیدا ہوتے ہیں.یہ ایکس ریز اور مائیکرو ویو سے بھی پیدا ہوسکتا ہے.

Q4. قاقلیہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کان کے اندرونی حصے کا نام قلیہ ہے،یہ گھو نگھے کی شکل کی پیچیدہ ٹیوب ہے .یہ ٹیوب ایک خاص قسم کی کیمیاوی مادے سے بھری ہوئی ہوتی ہے.

Q5. بصری اور حرکی التباس میں فرق بیان کریں.

Ans 1: التبادی ادرادک کی غلطی سے پیدا ہوتا ہے.جس التباس کا تعلق بصارت سے ہوا بصری التباس کہتے ہیں.مثلاً شکل و صورت کا التباد یا جسامت کا التباس.جبکہ اسی بصری التباد کی ایک شکل حرکت کا التباس بھی ہے.اسی التباس میں ٹھہری ہوئی چیزیں متحرک اور متحرک چیزیں ساکن نظر آتی ہیں.

Q6. آنکھ میں ریٹینا کہاں واقع ہے؟

Ans 1: یہ آنکھ کا اندرونی حصہ ہے.یہ آنکھ کا سب سے حساس حصہ ہے.اس میں دو طرح کے خلیے ہوتے ہیں.ایک کو مستقیحے اور دوسرے کو مخروطے کہتے ہیں.

Q7. عمل توازن میں زیریں عرشہ کیا کردار ادا کرتا ہے؟

Ans 1: زیر میں عرشہ ایک کیمیاوی مادہ جنبش حق کے مطابق حرکت کرتا ہے.جس سے ایک برقی سگنل پیدا ہوتا ہے.یہ سگنل دماغ کو توازن کی ضرورت سے آگاہ ÷کرتا ہے

Q8. توجہ میں خلل سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اگر کسی کام سے ہٹ جائے تو اس سے کارگردگی متاثر ہو جائے تو اسے توجہ میں خلل کہتے ہیں.

Q9. توجہ کی تعریف کریں.

Ans 1: توجہ دراصل حواس کو شعوری طور پر کسی ایک چیز پر مرکوز کرنے کا نام ہے.

Q10. کالاموتیا کیا ہوتا ہے؟

Ans 1: آنکھ کے اندر دو طرح کے کیمیاوی کے مادے میں موجود ہوتے ہیں.اگر کیماوی مادے کا دباؤ بصری عصب پر بڑھ جائے تو نظر کم ہو جاتی ہے یا بالکل ختم ہو جاتی ہے.اس بیماری کو کالا موتیا کہتے ہیں.